**15-08-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیمگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 ملک آج اپنا 78 واں یوم آزادی منا رہا ہے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے دلی میں لال قلعہ کی فصیل سے قومی پرچم لہرایا۔

3 قوم سے خِطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اگر ملک کے 140 کروڑ عوام مضبوط ارادے اور ایک ساتھ مل کر ایک سمت اختیار کریں گے تو ملک 2047 تک وِکست بھارت بن جائے گا۔

4 وزیراعظم کا کہنا ہے کہ بھارت کا خلاء کا درخشاں شعبہ، بھارت کو ایک مضبوط ملک بنانے میں اہم رول ادا کررہا ہے۔

5 سرکار اگلے پانچ برسوں میں 75 ہزار نئی میڈیکل سیٹوں کا اضافہ کرے گی۔

6 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یوم آزادی کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورس کیلئے بہادری کے 103 ایوارڈ کو منظوری دی ہے۔

7 بھارت نے دلدلی زمین نیٹ ورک میں تین نئے Ramsar مقامات کا اضافہ کیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی اس کی تعداد 85 ہوگئی ہے۔

8 اور کھیلوں سے متعلق ثالثی کی عدالت نے اولمپکس سے نااہل قرار دیئے جانے کے خلاف بھارتی پہلوان ونیش پھوگاٹ کی عرضی کو خارج کردیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM- INDEPENDENCE DA**

ملک آج اپنا 78 واں یوم آزادی منارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تاریخی لال قلعے پر قومی پرچم لہرایا اور گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔ لال قلعے کی فصیل سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے اِس یقین کا اظہار کیا کہ اگر ملک کے 140 کروڑ عوام عزم کریں اور متحد ہوکر ایک سمت میں آگے بڑھیں تو بھارت تمام رکاوٹوں کو عبور کرکے 2047 تک وِکست بھارت بن جائے گا۔ جناب مودی نے کہاکہ اُن کی سرکار نے ’ملک مقدم‘ پالیسی کے ساتھ بہت سی اصلاحات

کی ہیں۔ انہوں نے کہاکہ وِکست بھارت کیلئے کافی محنت جاری ہے اور ملک کے کروڑوں لوگوں سے تجاویز حاصل کی جارہی ہیں۔

**S/B - PM Modi On Viksit Bharat**

اپنے خطاب میں وزیراعظم مودی نے کہاکہ یہ ملک ہرشہید اور مجاہد آزادی کا مقروض اور اُن کا احسان مند ہے۔ انہوں نے کہاکہ آج کا دن اُن عظیم ہستیوں کو سلام پیش کرنے کا موقع ہے جو پورے عزم کے ساتھ ملک کی حفاظت، اِس کی تعمیر اور ملک کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے وقف ہیں۔

جناب مودی نے کہاکہ ملک مجاہدین آزادی کا مقروض ہے کیونکہ انہوں نے ہر ایک کو آزادی کے ساتھ سانس لینے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے کہاکہ تاریخ گواہ ہے کہ 1857 کی آزادی کی جدوجہد سے قبل بھی بہت سے قبائلی علاقے ایسے تھے، جہاں آزادی کی جنگ لڑی جارہی تھی۔

وزیراعظم نے کہاکہ اُن کی سرکار نے ووکَل فار لوکَل کا منتر دیا ہے۔

**S/B PM Local For Vocal**

وزیراعظم نے قدرتی آفات میں حالیہ اضافے پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے متاثرہ افراد سے ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں یقین دلایا کہ ملک اِس مشکل وقت میں اُن کے شانہ بشانہ ہے۔

وزیراعظم مودی نے کہاکہ اُن کی حکومت اصلاحات کیلئے پرعزم ہے۔ یہ اصلاحات تعریف یا مجبوری کی وجہ سے نہیں بلکہ ملک کو مضبوط بنانے کیلئے ہیں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ ملک کے ہر شعبے میں ایک جدید اور اعلیٰ نظام موجود ہے، چاہے وہ سیاحت ہو، MSME، تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، زراعت یا کوئی اور شعبہ ہو۔ انہوں نے مزید کہاکہ بھارت دنیا کے بہترین طور طریقوں کو آگے لاکر قیادت کرنا چاہتا ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ بینکنگ سیکٹر کو مضبوط بنانے کیلئے کئی اصلاحات کی گئی ہیں۔

وزیراعظم نے اپنے یوم آزادی کے خطاب کے دوران بھارت کے متحرک خلائی شعبے کی ستائش کی۔ جناب مودی نے کہاکہ خلاء کا سیکٹر بھارت کو ایک مضبوط ملک بنانے میں کلیدی رول ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہاکہ اُن کی حکومت نے خلائی شعبے میں بہت سی اصلاحات کی ہیں۔ اِس سیکٹر کو ماضی کی رکاوٹوں اور پابندیوں سے آزاد کرایا ہے۔

جناب مودی نے کہاکہ خلاء کے سیکٹر میں سیکڑوں اسٹارٹ اپس سامنے آئے ہیں۔

**S/B PM Modi On Space Sector**

جناب مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت جو کبھی دہشت گردی کا شکار تھا، اب مضبوط اور مستحکم ہوگیا ہے۔  انہوں نے کہاکہ ہر بھارتی اُس وقت فخر سے لبریز ہوگیا جب ملک کی مسلح افواج نے سرجیکل اسٹرائک اور فضائی حملے کیے۔

**S/B Final PM Modi On Surgical Strike**

وزیراعظم نے اِسے بدقسمتی قرار دیا کہ آزادی کے بعد بھی لوگ مدد مانگنے کیلئے حکومت کے سامنے ہاتھ پھیلایا کرتے تھے۔ انہوں نے کہاکہ اُن کی سرکار نے طرز حکمرانی کے اِس ماڈل کو تبدیل کردیا اور آج سرکار خود ہی مستفدین کے پاس جاتی ہے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ آج سرکار خود عوام کو گیس چولہا، پانی، بجلی اور مالی مدد فراہم کرتی ہے۔

جناب مودی نے کہاکہ پچھلے دس سال کے دوران دس کروڑ خواتین، خواتین اپنی مدد آپ گروپوں میں شامل ہوئی ہیں اور مالی طور پر خودکفیل اور آزاد ہوگئی ہیں۔ انہوں نے کہاکہ ملک میں اب تک 9 لاکھ کروڑ روپے 'اپنی مدد آپ' گروپوں کو دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ اُن کی سرکار نے خواتین کی قیادت میں ترقی پر کام کیا ہے۔

وزیراعظم نے خواتین کے خلاف تشدد اور جرائم کے بڑھتے ہوئے واقعات پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہاکہ تشدد اور جرائم کے مرتکب افراد کو سزا دی جانی چاہیے اور انہیں جلد سے جلد گرفتار کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مشاہدہ کیاکہ عصمت دری کے واقعات کو اجاگر کیا جاتا ہے تاہم مجرموں کو ملنے والی سزاؤں کو میڈیا میں اجاگر نہیں کیا جاتا ہے۔

انہوں نے کہاکہ مجرموں کو دی جانے والی سزاؤں کو بھی بڑے پیمانے پر عام کیا جائے تاکہ لوگ اُس جرم کو کرنے سے خوفزدہ ہوجائیں۔

**S/B PM Modi On Crime Against Women**

وزیراعظم مودی نے ملک میں ایک سیکولر سول کوڈ نافذ کرنے کی بھی وکالت کی اور کہاکہ سپریم کورٹ نے بارہا یکساں سول کوڈ کے نفاذ کیلئے کہاہے۔ انہوں نے کہاکہ ملک میں فرقے پر مبنی سول کوڈ ہے اور اسے ایک سیکولر سول کوڈ کی ضرورت ہے۔ جناب مودی نے تمام متعلقہ فریقوں پر زور دیا کہ یکساں سول کوڈ کے معاملے پر غور کریں۔

**S/B PM Civil Code**

جناب مودی نے کہاکہ اُن کی سرکار نے فوجداری قوانین میں اصلاحات کی ہیں۔ انہوں نے کہاکہ نئے فوجداری قوانین کا بنیادی مقصد شہریوں کو سزا نہیں، بلکہ انصاف فراہم کرنا ہے۔

بنگلہ دیش کے سلسلے میں وزیراعظم نے کہاکہ ایک پڑوسی  ملک کے طور پر بھارت کو وہاں کے حالات پر تشویش ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ بنگلہ دیش میں جلد ہی حالات معمول پر آجائیں گے۔

**I-DAY PM MEDICAL/BANKING**

وزیراعظم نریندر مودی نے مزید کہا کہ آئندہ 5 برسوں میں میڈیکل سیٹوں میں 75 ہزار کا اضافہ کیا جائے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ طلباء نے بیرون ملک طبی تعلیم کیلئے لاکھوں اور کروڑوں روپے خرچ کئے ہیں۔ لہٰذا حکومت آئندہ 5 برسوں میں میڈیکل سیٹیوں 75 ہزار کا اضافہ کرے گی۔ اس سے ملک میں طبی تعلیم تک رسائی میں اضافہ ہوگا۔

**PM ON MEDICAL SEAT**

وزیراعظم مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت میں انجام دی گئی اصلاحات میں بینکنگ سیکٹر کا جائزہ لیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پہلے بینکنگ شعبہ سخت مشکلات کا شکار تھا، لیکن آج شعبے میں ترقی ہوئی ہے۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارتی بینکس اُن چند بینکوں میں سے ہے جو عالمی سطح پر مضبوط ہیں اور ایسا اُن کی حکومت کی جانب سے کی گئی بڑی اصلاحات کے بدولت ہوا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مضبوط بینکنگ نظام نے باضابطہ معیشت کو مضبوطی دی ہے۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**PREZ GALLANTRY AWARDS**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے یومِ آزادی کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کو 103 شجاعت ایوارڈ دیئے جانے کی منظوری دی ہے۔ یہ ہیں: تین بعد از مرگ سمیت چار کیرتی چکر، چار بعد از مرگ سمیت 18 شوریہ چکر اور سینا میڈل شجاعت کیلئے ایکBar ۔ شجاعت کیلئے ایوارڈس میں دو بعد از مرگ سمیت 63 سینا میڈلس، 11 نوسینا میڈلس اور 6 وایو سینا میڈلس شامل ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے 39 Mention-in-Despatches کو بھی منظوری دی ہے، جن میں مختلف فوجی کارروائیوں میں گرانقدر خدمات کیلئے Army Dog Kentکو بعد از مرگ دیا جانا شامل ہے۔

ان کارروائیوں میں آپریشن رکشک، آپریشنSnow Leopard ، آپریشن ساہتیہ، آپریشن حفاظت، آپریشن Orchid اور آپریشن Katchal شامل ہیں۔

صدر جمہوریہ مرمو نے بھارتی ساحلی محافظ دستے کو امتیازی خدمات کے سلسلے میں صدر کے تٹ رکشک میڈل، شجاعت کیلئے ایک تٹ رکشک میڈل اور شاندار خدمات کیلئے تٹ رکشک میڈلز کو بھی منظوری دی۔

صدر جمہوریہ نے صدر کے پولیس میڈلز برائے نمایاں خدمات اور پولیس میڈل برائے امتیازی خدمات کو بھی منظوری دی۔

## HOME AFFAIRS GALLANTRY

پولیس، آگ بجھانے کے محکمے، ہوم گارڈز اور سوِل ڈیفنس اور اصلاحی خدمات سے متعلق محکمے کے ایک ہزار 37 اہلکاروں کو یوم آزادی کے موقع پر شجاعت اور خدمات کے میڈلز سے نوازا گیا ہے۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے شجاعت کے ایوارڈز اور خدمات کے میڈلز حاصل کرنے والے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب شاہ نے کہا کہ مثالی خدمات کے صلے میں ایوارڈز عطا کئے جانے سے سکیورٹی کے نظام کو ایک نئی جہت ملے گی اور اس کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

## SHIVRAJ NPSS

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلّی میں یوم آزادی کے موقع پر کیڑے کی نگرانی کے قومی نظام کا آغاز کریں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے محکمے کا یہ ڈیجیٹل اقدام کیڑے کے بندوبست سے متعلق بروقت اور درست ایڈوائزری فراہم کرنے کیلئے مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ جیسی جدید ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے۔ زراعت کی وزارت نے کھیتوں کے جانبازوں کے اعزاز میں منعقدہ دو روزہ پروگرام میں ایک ہزار سے زیادہ کسانوں کو مدعو کیا ہے۔ جناب چوہان خصوصی مدعو افراد کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے۔

## INDIA RAMSAR SITE

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے کہاہے کہ بھارت نے دَلدَلی زمین کے اپنے نیٹ ورک میں مزید تین رامسَر مقامات کا اضافہ کیا ہے، جس سے رامسَرمقامات کی تعداد 85 ہوگئی ہے۔ تمل ناڈو میں واقع Nanjarayan Bird Sanctuary اور Kazhuveli Bird Sanctuary نیز مدھیہ پردیش میں واقع Tawa Reservoir کو بھارت کے رامسَر مقامات کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب بھوپیندر یادو نے کہاکہ یہ کامیابی وزیراعظم نریندر مودی کی خصوصی توجہ کی عکاسی کرتی ہے جو انہوں نے فطرت کے ساتھ ہم آہنگی قائم کرنے پر دی ہے۔

وزیراعظم مودی نے اِسے بھارت کیلئے ایک خوشی کا موقع قرار دیتے ہوئے کہاکہ یہ حصولیابی پائیدار ترقی کے ساتھ ساتھ فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ زندگی گزارنے کی حکومت کی ترجیح کو بیان کرتی ہے۔ انہوں نے مدھیہ پردیش اور تمل ناڈو کے لوگوں کو اِس کیلئے مبارکباد دی۔

## INDIAN FISHERMEN

سری لنکا کی بحریہ نے اُن 17 بھارتی ماہی گیروں کو جنہیں ملک کے آبی جزائر میں غیرقانونی طور پر مچھلیاں پکڑنے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا تھا، بھارتی مشن کے مطابق کَل بھارت میں اُن کے گھروں کو واپس بھیج دیا گیا۔ ایسا اُن 21 دیگر بھارتی ماہی گیروں کی واپسی کے کچھ وقت بعد ہی ہوا ہے جنہیں سری لنکا کے حکام نے گرفتار کیا تھا اور 2 اگست کو چنئی میں واپس بھیج دیا گیا تھا۔

## OLYMPIC CONTINGENT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کَل راشٹرپتی بھون میں اُس بھارتی اولمپک دستے سے ملاقات کی جس نے حال ہی میں اختتام پذیر پیرس اولمپکس میں حصہ لیا تھا۔

صدر جمہوریہ نے اُن کی بہترین کوششوں شاندار کارکردگی کیلئے کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ کھلاڑی ملک کے سبھی نوجوانوں بالخصوص نوجوان کھلاڑیوں کیلئے تحریک کا ذریعہ ہیں۔

## PHOGAT-CAS

کھیلوں سے متعلق ثالثی عدالت CAS نے پہلوان ونیش پھوگاٹ کی اُس درخواست کو مسترد کردیا ہے جس میں انہوں نے پیرس اولمپکس سے نااہل قرار دیئے جانے کے معاملے کو چیلنج کیا تھا۔ اِس کے ساتھ ہی مشترکہ چاندی کا تمغہ حاصل کرنے کی اُن کی امیدیں ختم ہوگئیں۔ CAS کے ایڈہاک ڈویژن نے کیس کی سماعت کے بعد اُن کی اپیل کو مسترد کردیا۔

ونیش پھوگاٹ اُس وقت نااہل قرار دی گئی تھیں جب سونے کے تمغہ کیلئے مقابلے والے دن اُن کا وزن 50 کلو گرام کے زمرے سے 100 گرام زیادہ ہوگیا تھا۔ اِس کے بعد پھوگاٹ نے مشترکہ چاندی کے تمغے کیلئے CAS سے رجوع کی تھی۔

اولمپک ایسو سی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا نے ایک بیان میں CAS کے فیصلے پر صدمے اور مایوسی کا اظہار کیا۔

IOAنے کہا ہے کہ وہ پھوگاٹ کیلئے ممکنہ مزید قانونی کارروائی کی تلاش کررہی ہے۔

## HOCKEY

ہاکی انڈیا نے مایہ ناز گول کیپر P.R. Sreejesh کے اعزاز میں 16 نمبر کی جرسی کو مردوں کی قومی سینئر ٹیم سے ریٹائر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک بیان میں ہاکی انڈیا نے Sreejesh کو God of Modern Indian Hockey قرار دیا ہے۔ کھیلوں کے ادارے نے کہاہے کہ سینئر ٹیم کا کوئی بھی کھلاڑی 16 نمبر کی جرسی نہیں پہنے گا۔ Sreejesh نے حال ہی میں پیرس اولمپک میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد ہاکی سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ Sreejesh کا کھیل سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ 18 سالہ طویل کریئر کے بعد آیا ہے، جس کے دوران انہوں نے 2020 اور 2024 اولمپک کھیلوں میں بھارت کو لگاتار کانسے کا تمغہ دلانے میں اہم کردار اداکیا۔ ہاکی انڈیا نے Sreejesh کو مردوں کی جونیئر ہاکی ٹیم کا کوچ مقرر کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمان

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے 78ویں یوم آزادی سے قبل صدر جمہوریہ کے قوم سے خطاب میں دیئے گئے بیانات کو سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے کہ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ یہ ہم سب کیلئے فخر کی بات ہے کہ بھارت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے صدر مرمو کے اس بیان کو اولیت دی ہے کہ بھارت کو خودکفیل بنانے میں کسانوں کا بے مثال تعاون ہے۔ جبکہ ہندوستان ایکسپریس نے صدر کے اس بیان کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے کہ سماجی انصاف حکومت کی اولین ترجیح۔

یوم آزادی کے موقع پر سکیورٹی کے پختہ انتظامات ہونے کی خبر بھی آج کے تقریباً سبھی اخبارات میں ہے۔

78ویں یوم آزادی پر مختلف فورسیز کے اہلکاروں کو بہادری کے قومی ایوارڈس دیئے جائیں گے۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور دیگر سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور مختلف سینئر لیڈروں کی جانب سے عوام کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کئے جانے کی خبر بھی اخباروں میں ہے۔

بنگلہ دیش کیلئے بھارت کے ہائی کمشنر Vinay Kumar کا یہ بیان بھی اخباروں میں نمایاں ہے کہ بھارت بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے ساتھ کام کرنے کے خواہشمند ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 ملک آج اپنا 78 واں یوم آزادی منا رہا ہے۔

2 وزیراعظم نریندر مودی نے دلی میں لال قلعہ کی فصیل سے قومی پرچم لہرایا۔

3 قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اگر ملک کے 140 کروڑ عوام مضبوط ارادے اور ایک ساتھ مل کر ایک سمت اختیار کریں گے تو ملک 2047 تک وِکست بھارت بن جائے گا۔

4 وزیراعظم کا کہنا ہے کہ بھارت کا خلاء کا درخشاں شعبہ، بھارت کو ایک مضبوط ملک بنانے میں اہم رول ادا کررہا ہے۔

5 سرکار اگلے پانچ برسوں میں 75 ہزار نئی میڈیکل سیٹوں کا اضافہ کرے گی۔

6 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یوم آزادی کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورس کیلئے بہادری کے 103 ایوارڈ کو منظوری دی ہے۔

7 بھارت نے دلدلی زمین کے نیٹ ورک میں تین نئے Ramsar مقامات کا اضافہ کیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی اس کی تعداد 85 ہوگئی ہے۔

8 اور کھیلوں سے متعلق ثالثی کی عدالت نے اولمپکس سے نااہل قرار دیئے جانے کے خلاف بھارتی پہلوان ونیش پھوگاٹ کی عرضی کو خارج کردیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------